© rasailojaraid.com



مقابلہ ہوا۔ ملک بھر کے جامعات ومدارس کی طالبات کافی تعداد میں شریک ہوئیں۔ کامیاب طالبات میں انعامات تقسیم کئے گئے۔

اجتماع کی راتوں میں باقاعدہ شب بیداری کے پروگرام تھے۔ جن میں درس قرآن وحدیث، نماز تہجد اور خصوصی دعا اہم پروگرام تھے۔

ملک بھر سے معلمات ومبلغات نے مختلف اہم معاشرتی موضوعات پر خطاب کئے۔ پروگرام سننے کیلئے خواتین کی بھاری تعداد شہر اور بیرون شہر سے شریک اجتماع ہوئیں۔ ان کے قیام وطعام کا انتظام جامعہ نے کیا تھا۔ پروگرام کے آخر میں طالبات کے ششماہی امتحانات کا نتیجہ سنایا گیا۔ امتیازی حیثیت سے کامیاب طالبات میں انعامات تقسیم کئے گئے اور آخر میں رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب کی خصوصی دعائے خیر کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

---

# آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس ساھیوال میں قافلہ کی روانگی

جہلم سے آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس میں شرکت کیلئے بسوں کا ایک بڑا قافلہ ۲۲ اکتوبر بروز جمعرات کی صبح عازم ساھیوال ہوا۔ جس میں لوگوں کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ وہاں کانفرنس میں شرکت کر کے اگلے روز نماز جمعہ کے فوراً بعد قافلہ بخیر وعافیت واپس پہنچ گیا۔ الحمد للہ

---

# آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس میں جامعہ علوم اثریہ کے دو طلبہ کا اردو، عربی میں خطاب

آل پاکستان انعامی تقریری مقابلہ میں اردو اور عربی زبان میں دونوں پہلی پوزیشنیں حاصل کرنے والے جامعہ اثریہ جہلم کے آخری سال کے دو خوش نصیب طلبہ فیض احمد بھٹی اور محمد عبداللہ نے بالترتیب اردو اور عربی زبان میں رات بعد نماز عشاء کے بھرپور اجتماع سے بڑا متاثر کن خطاب کیا۔ **اللھم زد فزد۔**

# صوبیدار عبداللطیف صاحب کی وفات

جمعیت اہلحدیث موضع حاجی آئمہ جہلم کے بزرگ کارکن اور جامع مسجد اہلحدیث حاجی آئمہ کے صدر صوبیدار عبداللطیف صاحب اچانک ہارٹ اٹیک سے انتقال فرماگئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بڑے نیک، متقی اور پرہیز گار تھے۔ نماز پنجگانہ باجماعت ہمیشہ ادا کیا کرتے تھے۔

ادارہ "حرمین" ان کے ورثاء کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے صغیرہ وکبیرہ گناہوں کو معاف فرمائے۔ اور جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ آمین

© rasailojaraid.com